SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**Press Release**
**March 7, 2017**
***For immediate release***

ایس ای سی پی نے سٹاک مارکیٹ میں حصص میں ہیر پھیر کرنے پر کرمینل کیس دائر کر دیا

اسلام آباد(۷مارچ )سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے سٹاک مارکیٹ میں ایک کمپنی گوہر انجنیئر نگ لمیٹڈ(موجودہ نام ڈریکر کنگز ویز لمیٹڈ) کے حصص کی قیمتوں میں ہیر پھیر کرنے کے الزام میں ایک شخص کے خلاف کرمینل کیس دائر کر دیا ہے۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کی اس شخص اوراس کے ساتھیوں نے گوہر انجنیئر نگ لمیٹڈ کے زیادہ تر حصص 2014 میں انتہائی رعایتی قیمت پر خریدے۔

اس وقت گوہر انجنیئر نگ پاکستان اسٹاک ایکس چینج کے ڈیفالٹ کاؤنٹر پر موجود تھی۔ سٹاک ایکس چینج کے نارمل کاؤنٹر پر اس کی ٹریڈ نگ بحال ہونے کے بعد ملزموں نے اس کے حصص کی قیمتوں میں مصنوعی اضافے کے لئے بڑے پیمانے خریداری کے آڈر جاری کئے۔ جس کے نتیجے میں سرمایہ کاروں کو اس کمپنی کے حصص قابل ذکر منافع پر فروخت کر دیے گئے۔ مصنوعی طور پر قیمت بڑھانے کی اس سکیم میں ملزم نے اپنی پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کا بھی استعمال کیا۔

واضح رہے کہ حصص کی قیمتوں میں ہیر پھیر ایک جرم ہے جس کی سزا تین سال قید اور دس کروڑ روپے تک جرمانہ ہے۔ گزشتہ دو ہفتوں میں ایس ای سی پی کی جانب سے دائر کیا جانے والا یہ دوسرا کرمینل کیس ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ ایس ای سی پی مارکیٹ میں بدعنوانی کو ہر گز برداشت نہ کرنے کی پالیسی پر سختی سے عمل پیرا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254